بھلوال آڈیشن کا نصاب

سوال: کسی شخص، جگہ، چیز یا وقت کو منحوس جاننے کے بارے میں اسلام کیا کہتا ہے؟

جواب) کسی شخص، جگہ، چیز یا وقت کو منحوس جاننے کا اسلام میں کوئی تصور نہیں یہ محض وہمی خیالات ہوتے ہیں۔ (بد شگونی، ص ۸)

سوال: کسی شخص کو منحوس قرار دینے کا کیا گناہ ہوتا ہے؟

جواب) کسی شخص کو منحوس قرار دینے میں اس کی سخت دل آزاری ہے اور اس سے تہمت دھرنے کا گناہ بھی ہوتا ہے اور یہ دونوں جہنم میں لیجانے والے کام ہیں۔ (بد شگونی، ص ۹)

سوال: نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے بد فالی لینے والوں سے متعلق کیا ارشاد فرمایا؟

جواب) نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے بد فالی لینے والوں سے اپنی بیزاری کا اظہار ان الفاظ میں فرمایا: یعنی جس نے بد شگونی لی اور جس کیلئے بد شگونی لی گئی وہ ہم میں سے نہیں ہے (یعنی ہمارے طریقے پر نہیں ہے)۔ (بد شگونی، ص ۱۹)

سوال: وہ کونسی تین چیزیں ہیں جن کے سبب کوئی شخص بلند درجات تک نہیں پہنچ سکتا؟

جواب) تین چیزیں جس شخص میں ہوں وہ بلند درجات تک نہیں پہنچ سکتا (۱) جو اپنی اٹکل سے غیب کی خبر دے (یعنی آئندہ کی بات بتائے) یا (۲) فال کے تیروں سے اپنی قسمت معلوم کرے یا (۳) بد شگونی کے سبب اپنے سفر سے رک جائے۔ (بد شگونی، ص ۲۰)

سوال: نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے مکان بدلنے سے متعلق بد شگونی کے بارے میں کیا فرمایا؟

جواب) ایک شخص نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہم ایک مکان میں رہتے تھے، اس میں ہمارے اہل وعیال کثیر اور مال کثرت سے تھا پھر ہم نے مکان بدلا چنانچہ ہمارے مال اور اہل وعیال کم ہو گئے۔ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ سلم نے فرمایا: چھوڑو! ایسا کہنا بری بات ہے۔(بدشگونی، ص ٣٦)

سوال: قرآن مجید کا کوئی سا صفحہ کھول کر فال نکالنا کیسا ہے؟

جواب) بعض لوگ قرآن مجید کا کوئی بھی صفحہ کھول کر سب سے پہلی آیت کے ترجمے سے اپنے کام کے بارے میں خود ساختہ مفہوم اخذ کر کے فال نکالتے ہیں، اس طرح فال نکالنا ناجائز ہے۔(بدشگونی، ص ٣٩)

سوال: فال کھولنا یا فال کھولنے پر اجرت لینے کا کیا حکم ہے؟

جواب) مفسر شہیر حکیم الامت حضرت مفتی احمد یار خان علیہ الرحمۃ الحنان تفسیر نعیمی میں لکھتے ہیں: فال کھولنا یا فال کھولنے پر اجرت لینا یا دینا سب حرام ہے۔

(بدشگونی، ص ٤٣)

سوال: استخارہ کیلئے کیا شرط ہے؟

جواب) استخارہ کیلئے یہ بھی شرط ہے کہ وہ کام جائز ہو ناجائز کاروبار وغیرہ کیلئے استخارہ نہیں کیا جائے گا۔(بدشگونی ،ص ٤٦)

سوال: استخارہ کروا لینے کے بعد اس پر عمل نہ کیا تو کیا حکم ہے؟

جواب) استخارہ کا مطلب طلبِ خیر (یعنی بھلائی کا طلب کرنا) ہے چنانچہ استخارہ کر لینے کے بعد اس پر عمل کرنا بہتر ہے ،ہاں! کسی سبب سے عمل نہ کیا تو گنہگار نہیں ہو گا۔(بدشگونی، ص ٤٧)

سوال: صفر المظفر کی پہلی ہجری میں کن کی شادی خانہ آبادی ہوئی؟

جواب) صفر المظفر پہلی ہجری میں حضرت سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم اور خاتونِ جنت حضرت سیدتنا

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

فاطمہ زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی شادی خانہ آبادی ہوئی۔(بد شگونی، ص ٦٠)

سوال: مسلمانوں کو فتح خیبر کب نصیب ہوئی؟

جواب) صفر المظفر سات ہجری میں مسلمانوں کو فتح خیبر نصیب ہوئی۔(بد شگونی، ص ٦٠)

سوال: صفر المظفر آٹھ ہجری میں کن صحابہ کرام علیہم الرضوان نے اسلام قبول کیا؟

جواب) سیف اللہ حضرت سیدنا خالد بن ولید، حضرت سیدنا عمرو بن عاص اور حضرت سیدنا عثمان بن طلحہ عبدری رضی اللہ تعالیٰ عنھم نے صفر المظفر آٹھ ہجری میں بارگاہِ رسالت میں حاضر ہو کر اسلام قبول کیا۔(بد شگونی، ص ٦٠)

سوال: مدائن کی فتح کس ھجری میں ہوئی؟

جواب) مدائن (جس میں کسریٰ کا محل تھا) کی فتح صفر المظفر سولہ ہجری ہی کے مہینے میں ہوئی۔(بد شگونی، ص ٦٠)

سوال: چھینک سے متعلق اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ کیا ارشاد فرماتے ہیں؟

جواب) اعلیٰ حضرت، مجدد دین وملت شاہ امام احمد رضا خان علیہ الرحمۃ الرحمٰن نے فرمایا: چھینک اچھی چیز ہے، اسے بد شگونی جاننا مشرکین ہند کا ناپاک عقیدہ ہے۔(بد شگونی، ص ٦١)

سوال: بات کے وقت چھینک آنے سے متعلق نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کیا فرماتے ہیں؟

جواب) حدیث میں ارشاد فرمایا: بات کے وقت چھینک عادل گواہ ہے۔یعنی جو کچھ بیان کیا جاتا ہو جس کا صدق و کذب (یعنی سچا اور جھوٹا ہونا) معلوم نہیں اور اس وقت کسی کو چھینک آئے تو وہ اس بات کے صدق (یعنی سچا ہونے) پر دلیل ہے۔(بد شگونی، ص ٦١)

سوال: دعا کے وقت چھینک آنا کس کی علامت ہے؟

جواب) دعا کے وقت چھینک آنا دلیل قبول ہے۔

سوال: نماز میں چھینک آنے سے متعلق حدیث میں کیا آیا؟

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

جواب) چھینک محبوب چیز ہے مگر وہ کہ نماز میں آئے حدیث میں اسے شیطان کی طرف سے شمار فرمایا ہے۔(بد شگونی ،ص ٦١)

سوال: سورج گہن اور چاند گہن کی نماز کا کیا حکم ہے؟

جواب) سورج گہن کی نماز سنت مؤکدہ ہے اور چاند گہن کی مستحب۔(بد شگونی،ص ٨١)

سوال: سورج گہن کی نماز جماعت سے پڑھنے کا کیا حکم ہے؟

جواب) سورج گہن کی نماز جماعت سے پڑھنی مستحب ہے اور تنہا تنہا بھی ہو سکتی ہے۔(بد شگونی،ص ٨١)

سوال: سورج گہن کی نماز اگر جماعت سے پڑھی جائے تو اس کی کیا شرائط ہیں؟

جواب) جماعت سے پڑھی جائے تو خطبہ کے سوا تمام شرائط جمعہ اس کیلئے شرط ہیں، وہی شخص اس کی جماعت قائم کر سکتا ہے جو جمعہ کی کر سکتا ہے، وہ نہ ہو تو تنہا تنہا پڑھیں، گھر میں یا مسجد میں۔(بد شگونی،ص ٨١)

سوال: حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ تین باتیں تمہارے لئے ناپسند رکھتا ہے۔ وہ تین باتیں کونسی ہیں؟

جواب) حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ تین باتیں تمہارے لئے ناپسند رکھتا ہے: فضول بک بک اور سوال کی کثرت اور مال کی اضاعت (یعنی مال کو ضائع کرنا)(بد شگونی،ص ٨٥)

سوال: نظر بد سے بچنے کی تدبیر کرنا کس کی سنت ہے؟

جواب) نظر بد سے بچنے کی تدبیر کرنا سنتِ پیغمبر ہے۔

سوال: نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جب کسی کام کیلئے نکلتے تو وہ کون سی بات تھی جو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو پسند تھی؟

جواب) نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم جب کسی کام کیلئے نکلتے تو یہ بات حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو پسند

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

تھی کہ یاراشد(اے ہدایت یافتہ)۔یانجیح(اے کامیاب) سنیں۔(بد شگونی،ص ١١٤)

سوال:کیاپرندوں اور جانوروں سے نیک فال لے سکتے ہیں؟

جواب)نیک فال صرف کسی اچھی بات،نیک شخص کی زیارت یابابرکت ایام مثلاً ایام عید،پیر شریف وغیرہ سے لے سکتے ہیں پرندے اور جانوروں سے جس طرح براشگون لینا منع ہے اسی طرح نیک فال لینے کی بھی اجازت نہیں ہے۔(بد شگونی،ص ١١٦)

سوال:یہودونصاریٰ کو توریٰت ہم سے پہلے مل گئی اس کی کیا حکمت ہے؟

جواب)یہودونصاریٰ کو توریت وانجیل ہم سے پہلے مل گئی،ہمیں قرآن بعد میں دیا گیا تا کہ قرآن ناسخ ہو وہ کتابیں منسوخ اور ان کے عیوب ہم کو معلوم ہوں اور اس امت کے عیوب پوشیدہ رہیں اس کے بعدیت میں بھی اللہ کی رحمت ہے۔(مرآۃ المناجیح،باب الجمعہ،ص584)

سوال:رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:کہ جمعہ میں ایک گھڑی ہے جسے بندہ مؤمن نہیں پاتا کہ اس میں اللہ عزوجل سے خیر مانگے مگر اللہ اسے وہ ضرور دیتاہے بتائیں وہ گھڑی کونسی ہے؟

جواب)یعنی وہ ساعت قبولیت دعا کی ہے،رات میں روزانہ وہ ساعت آتی ہے مگر دنوں میں صرف جمعہ کے دن۔یقیناً نہیں معلوم کہ وہ ساعت کب ہے۔غالب یہ ہے کہ دو خطبوں کے درمیان یا مغرب سے کچھ پہلے۔(مرآۃالمناجیح ،باب الجمعہ،ص587)

سوال:حضرت سلیمان علیہ السلام بعدوفات کتنا عرصہ نماز کی ہیئت پر لکڑی کے سہارے کھڑے رہے؟

جواب)حضرت سلیمان علیہ السلام بعدوفات چھ ماہ یاایک سال نماز کی ہیئت پر لکڑی کے سہارے کھڑے رہے۔(مرآۃالمناجیح،باب الجمعہ،ص591)

سوال:جو سستی سے جمعہ ادانہ کرے اس کیلئے کیاوعید ہے؟

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

جواب)جو سستی سے جمعہ ادا نہ کرے اس کے دل پر غفلت کی مہر لگ جائے گی جس کی وجہ سے ان کے دل گناہ پر دلیر ہوں گے اور نیکیوں میں سست۔(مرآۃ المناجیح،باب الجمعہ،ص600)

سوال:گناہ صغیرہ بار بار کرنے سے کون سا گناہ بن جاتا ہے؟

جواب)گناہ صغیرہ بار بار کرنے سے گناہ کبیرہ بن جاتا ہے۔(مرآۃ المناجیح،باب الجمعہ،ص601)

سوال:خطبہ جمعہ کے وقت خاموش رہنے کا کیا حکم ہے؟

جواب)خطبہ جمعہ کے وقت خاموش رہنا فرض ہے۔(مرآۃ المناجیح،باب الجمعہ،ص609)

سوال:خطبہ کے وقت نفل پڑھنا،بات کرنا یا کھانے پینے کا کیا حکم ہے؟

جواب)خطبہ کے وقت نفل پڑھنا،بات کرنا،کھانا پینا سب حرام ہے۔(مرآۃ المناجیح،باب الجمعہ،ص609)

سوال:جس تک خطبہ کی آواز نہ پہنچتی ہو اس کیلئے کیا حکم ہے؟

جواب)جس تک خطبہ کی آواز نہ پہنچتی ہو وہ بھی خاموش رہے۔(مرآۃ المناجیح،باب الجمعہ،ص609)

سوال:مکہ معظمہ میں منبر پر خطبہ دینا کس کی سنت ہے؟

جواب)مکہ معظمہ میں منبر پر خطبہ سنتِ امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہے۔مکہ مکرمہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفائے راشدین نے دروازہ کعبہ پر خطبہ پڑھا ہے۔وہاں منبر امیر معاویہ کی ایجاد ہے جسے صحابہ نے بغیر اعتراض منظور کیا۔(مرآۃ المناجیح،باب الجمعہ،ص639)

سوال:حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے منبر کی کتنی سیڑھیاں تھیں؟

جواب)حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے منبر کی تین سیڑھیاں تھیں اور آپ تیسری پر کھڑے ہوتے تھے،یہی

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

سنت ہے۔(مرآۃ المناجیح،باب الجمعہ،ص639)

سوال:کون سے خطبہ کیلئے کھڑا ہونا سنت ہے؟

جواب)ہر خطبہ کے لیئے کھڑا ہونا سنت ہے خواہ خطبہ جمعہ و عیدین ہو یا خطبہ وعظ یا خطبہ نکاح۔(مرآۃ المناجیح،باب الجمعہ،ص641)

سوال:نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے کتنے جمعہ ادا فرمائے؟

جواب)نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے قریباً پانچ سو جمعے پڑھے ہیں اس لیئے کہ جمعہ بعد ہجرت شروع ہوا جس کے بعد دس سال آپ کی زندگی شریف رہی،اس عرصہ میں جمعے اتنے ہی ہوتے ہیں۔(مرآۃ المناجیح،باب الجمعہ،ص641)

سوال:کونسی عید کھا کر جانا اور کونسی عید آکر کھانا سنت ہے؟

جواب)عید کے دن کھا کر جانا اور بقر عید کے دن آکر کھانا سنت ہے۔(مرآۃ المناجیح،باب الجمعہ،ص666)

سوال:حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کتنے بکرے قربانی کرتے تھے اور کن کے کی طرف سے کرتے تھے؟

جواب)حضرت علی تین بکرے قربانی کرتے تھے دو حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے مطابق آپ کی حیات شریف کے اور ایک اپنی طرف سے۔

نوٹ:اس سے معلوم ہوا کہ بعد وفات مرحوم کی طرف سے قربانی دینا جائز ہے،ہاں اگر میت کی قربانی ہو تو اس کا سارا گوشت خیرات کر دیا جائے اگر وارث اپنی جانب سے محض ثواب کے لیئے میت کی طرف سے قربانی کرے تو خود بھی کھائے اور فقراء و امیر سب کو کھلائے۔(مرآۃ المناجیح،باب الجمعہ،ص688)

سوال:قربانی سنت و فطرت ہے اس سے کیا مراد ہے؟

جواب)حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے اعمال طیبہ کو سنت کہتے ہیں اور گزشتہ انبیاء کے طریقہ کو فطرت لہذا

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

قربانی سنت وفطرت ہے۔

(مرآۃالمناجیح،باب الجمعہ، ص701)

سوال: نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے فرزند ابراہیم کی ولادت مبارک کس ھجری کو ہوئی نیز آپ نے کتنی عمر پائی؟

جواب)حضرت ابراہیم ذی الحجہ 8ھ میں مدینہ پاک میں پیدا ہوئے، سولہ یا اٹھارہ مہینے زندہ رہے اور منگل کے دن دس ربیع الاول یا جمادی الاول 10ھ میں وفات پائی۔(مرآۃالمناجیح،باب الجمعہ، ص710)

سوال: سجدہ شکر کسے کہتے ہیں؟

جواب) دینی یا دنیوی خوشی کی خبر سن کر سجدے میں گر جانا اسے سجدہ شکر کہا جاتا ہے۔(مرآۃالمناجیح،باب الجمعہ، ص718)

سوال: نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے کس کے قتل کی خبر سن کر سجدہ شکر ادا کیا؟

جواب) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابو جہل کے قتل کی خبر سن کر سجدہ شکر ادا کیا۔(مرآۃالمناجیح،باب الجمعہ، ص718)

سوال: رعد فرشتہ کا نام ہے اس کا کیا کام ہے؟

جواب) رعد اس فرشتہ کا نام ہے جو بادلوں پر مقرر ہے اور صاعقہ اس کا کوڑا ہے جس سے وہ بادلوں کو ہانکتا چلاتا ہے، کبھی اس کوڑے کی آواز سنی جاتی ہے۔

حضرت ابن عباس فرماتے ہیں کہ رعد فرشتہ اس وقت تسبیح کرتا ہے، یہ آواز اس کی تسبیح کی ہوتی ہے، اس آواز پر سارے فرشتے تسبیح میں مشغول ہو جاتے ہیں، ہم کو بھی اس وقت سارے کام وکلام بند کر کے ذکر کرنا چاہیے۔(مرآۃ المناجیح،باب الجمعہ، ص746)

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

سوال:وہ کون سے تین اوقات ہیں جن میں سلام کرنا سنت ہے؟

جواب) تین وقت سلام کرنا سنت ہے:گھر میں آنے کی اجازت چاہتے وقت، ملاقات کے وقت، رخصت کی وقت۔(مرآۃ المناجیح، باب الجمعہ، ص750)

سوال:دنیا میں سب سے پہلے چھینک کس کو آئی؟

جواب) آدم علیہ السلام کو پیدا ہوتے ہی سب سے پہلے چھینک آئی۔(مرآۃ المناجیح، باب الجمعہ، ص750)

سوال:وطن کی مٹی سے متعلق مفتی احمد یار خان نعیمی علیہ الرحمۃ اللہ القوی کیا فرماتے ہیں؟

جواب) مرقاۃ میں فرمایا کہ وطن کی خاک بھی شفا ہوتی ہے اگر کوئی مسافر اپنے وطن کی مٹی پردیس لے جائے جس میں تھوڑی پینے کے گھڑے میں ڈال دیا کرے تو ان شاء اللہ وہاں کا پانی نقصان نہ دے گا۔(مرآۃ المناجیح، باب الجمعہ ، ص756)

سوال: معمولی بیماری میں بیمار پرسی کرنے کا کیا حکم ہے؟

جواب) معمولی بیماری میں بھی بیمار پرسی کرنا سنت ہے جیسے آنکھ یا کان یا ڈاڑھ کا درد کہ یہ اگرچہ خطرناک نہیں مگر بیماری تو ہیں۔(مرآۃ المناجیح، باب الجمعہ، ص776)

سوال:اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ مباح کام سے متعلق کیا ارشاد فرماتے ہیں؟

جواب) اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں: ہر مباح (یعنی ایسا جائز عمل جس کا کرنا نہ کرنا یکساں ہو) نیتِ حسن (یعنی اچھی نیت) سے مستحب ہو جاتا ہے۔(حرص، ص15)

سوال:اگر کوئی اپنی واہ واہ کیلئے خوشبو لگاتا ہے تو اس بارے میں امام غزالی علیہ رحمۃ اللہ الوالی کا کیا فرمانِ عالی ہے؟

جواب) امام غزالی علیہ رحمۃ اللہ الوالی کا فرمانِ عالی ہے: اس نیت سے خوشبو لگانا کہ لوگ واہ واہ کریں یا قیمتی خوشبو لگا کر لوگوں پر اپنی مالداری کا سکہ بٹھانے کی نیت ہو تو ان صورتوں میں خوشبو لگانے والا گنہگار ہو گا اور خوشبو بروزِ قیامت

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

مر دار سے بھی زیادہ بدبو دار ہو گی۔(حرص،17)

سوال:خوشبو لگانے میں کون کونسی اچھی اچھی نیتیں کی جاسکتی ہیں؟

جواب)خوشبو لگانے میں اتباعِ سنت اور (مسجد میں جاتے ہوئے لگانے پر) تعظیمِ مسجد (کی نیت بھی کی جاسکتی ہے)، فرحتِ دماغ (یعنی دماغ کی تازگی) اور اپنے اسلامی بھائیوں سے ناپسندیدہ بو دور کرنے کی نیتیں ہوں تو ہر نیت کا الگ ثواب ملے گا۔(حرص،17)

سوال: آخرت کی چیزوں میں حرص کرنے سے متعلق حضرت مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کیا فرماتے ہیں ؟

جواب)حضرت مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ایک حدیث پاک کے تحت فرماتے ہیں:"خیال رہے کہ دنیاوی چیزوں میں قناعت اور صبر اچھا ہے مگر آخرت کی چیزوں میں حرص اور بے صبری اعلیٰ ہے۔"(حرص،19)

سوال: نیکی نہ چھوڑنے سے متعلق نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا کیا فرمانِ عظمت نشان ہے؟

جواب) نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا فرمانِ عظمت نشان ہے۔"نیکی کی کسی بات کو حقیر نہ سمجھو چاہے وہ تمہارا اپنے بھائی سے خندہ پیشانی سے ملاقات کرنا ہو۔"(حرص،21)

سوال: افضلُ العبادات احمزُھا اس عبارت کا کیا ترجمہ ہے؟

جواب)یعنی افضل عبادت وہ ہے جس میں زحمت (تکلیف) زیادہ ہے۔(حرص،25)

سوال: گناہ اپنے ساتھ کتنی بری خصلتیں لے کر آتا ہے؟

جواب)امیر المؤمنین حضرت سیدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: گناہ چاہے ایک ہو اپنے ساتھ دس بُری خصلتیں لے کر آتا ہے۔(حرص،44)

سوال:ان دس بری خصلتوں میں سے پانچ بتائیں؟

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

جواب)(1)جب بندہ گناہ کرتا ہے تو اللہ عزو جل کو غضب دلاتا ہے۔

(2)وہ(یعنی گناہ کرنیوالا)ابلیس ملعون کو خوش کرتا ہے۔

(3)جنت سے دور ہو جاتا ہے۔

(4)جہنم کے قریب آجاتا ہے۔

(5)اپنی سب سے پیاری چیز یعنی اپنی جان کو تکلیف دیتا ہے۔

(6)اپنے باطن کو ناپاک کر بیٹھتا ہے۔

(7)اعمال لکھنے والے فرشتوں یعنی کراماً کاتبین کو ایذاء دیتا ہے۔

(8)نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو قبرِ انور میں رنجیدہ کر دیتا ہے۔

(9)زمین و آسمان اور تمام مخلوق کو اپنی نافرمانی پر گواہ بنالیتا ہے۔

(10)تمام انسانوں سے خیانت اور رب العٰلمین عزو جل کی نافرمانی کرتا ہے۔

سوال: جس نے مالِ حرام کو اپنا ذاتی مال تصور کر کے برضاءورغبت ثواب کی نیت سے خیرات کیا اس شخص کے بارے میں اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کیا ارشاد فرماتے ہیں؟

جواب)مولانا شاہ امام احمد رضا خان علیہ الرحمۃ الرحمٰن کے فرمانِ عالیشان کا خلاصہ ہے: جس نے مالِ حرام کو اپنا ذاتی مال تصور کر کے برضاءورغبت ثواب کی نیت سے خیرات کیا اس کو ہر گز ثواب نہیں ملے گا بلکہ اس کی بعض صورتوں کو فقہائے کرام رحمھم اللہ السلام نے کفر قرار دیا ہے۔(حرص،127)

سوال: قرآن پڑھتے وقت اعوذ باللہ پڑھنا کس کا حکم ہے؟

جواب)قرآن پڑھتے وقت اعوذ باللہ پڑھنا حکم الٰہی ہے۔(تفسیر نعیمی،24)

سوال: تلاوت سے پیشتر اعوذ باللہ کیوں پڑھتے ہیں؟

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

جواب)حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم وصحابہ کرام علیہم الرضوان اور ساری امت ہمیشہ اس پر عمل کرتی رہی معلوم ہوا کہ یہ پڑھنا سنت ہے۔(تفسیر نعیمی،24)

سوال:وہ کونسا پہلا کلمہ ہے جو انسان کے منہ سے نکلا؟

جواب)حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا ہوتے ہی چھینک آئی آپ نے فرمایا:الحمد للہ رب العلمین۔ معلوم ہوا کہ یہ پہلا کلمہ ہے جو حضرت انسان کے منہ سے نکلا۔(تفسیر نعیمی،43)

سوال:چھینک آنے کے بعد حمد کرنے کا کیا حکم ہے؟

جواب)چھینک آنے کے بعد حمد کرنا سنت مؤکدہ ہے۔(تفسیر نعیمی،46)

سوال:باپ کا درجہ دینی استاذ اور مرشد کے مقابلے میں کتنا ہے؟

جوب)باپ کا درجہ دینی استاذ اور مرشد سے کم ہے۔(تفسیر نعیمی،49)

سوال:جہنم کی گہرائی کا کیا حال ہے؟

جواب)جہنم کی گہرائی کا یہ حال ہے کہ اگر ایک پتھر اس کے کنارے سے پھینکا جائے تو ستر سال میں اس کی تہ تک پہنچے ۔(تفسیر نعیمی،50)

سوال:حضرت علی اصغر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ کا کیا نام تھا؟

جواب)سیدہ شہر بانو رضی اللہ تعالیٰ عنہا

سوال:امامِ حسن اور امامِ حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی نسبت کیا ارشاد ہوتا ہے؟

جواب)امامِ حسن اور امامِ حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی نسبت ارشاد ہوتا ہے:"ہمارے یہ دونوں بیٹے جوانانِ جنت کے سردار ہیں۔"اور فرمایا جاتا ہے:۔"ان کا دوست ہمارا دوست، ان کا دشمن ہمارا دشمن ہے۔"

سوال:امام غزالی علیہ الرحمۃ نے اپنی تصنیف احیاء العلوم میں علم مکاشفہ و علم معاملہ کی کیا تعریف بیان فرمائی؟

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

جواب)علم مکاشفہ: سے مراد وہ علم ہے جس میں صرف معلومات کا پتہ چلتا ہے اور علم معاملہ: سے مراد وہ علم ہے جس میں معلومات جاننے کیساتھ ساتھ ان پر عمل بھی کیا جاتا ہے۔(احیاء العلوم، ج1، ص40)

سوال: احیاء العلوم کا موضوع کونسا علم ہے؟

جواب)اس کتاب کا مقصود صرف علم معاملہ ہے علم مکاشفہ اس کا موضوع نہیں۔(احیاء العلوم، ج1، ص40)

سوال: نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا فرمانِ جنت نشان ہے، "جس نے میری سنت سے محبت کی اس نے مجھ سے محبت کی۔۔۔ مکمل کیجئے۔

جواب)نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا فرمانِ جنت نشان ہے، "جس نے میری سنت سے محبت کی اس نے مجھ سے محبت کی اور جس نے مجھ سے محبت کی وہ جنت میں میرے ساتھ ہو گا۔"(فیضانِ سنت، ص645)

سوال: "کارِ پاکاں را قیاس از خود مگیر" اس عبارت کا کیا ترجمہ ہے؟

جواب)پاک ہستیوں کے کاموں کو اپنے جیسے کام مت سمجھو۔(فیضانِ سنت، ص653)

سوال: روزانہ کتنی بار کھانا سنت ہے؟

جواب)روزانہ ایک مرتبہ کھانا سنت ہے۔(فیضانِ سنت، ص655)

سوال: حضرت سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے فرمان کے مطابق سلطانِ مدینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے وصال ظاہری کے بعد سب سے پہلی بدعت کونسی پیدا ہوئی؟

جواب)حضرت سیدنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں، سلطانِ مدینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے وصال ظاہری کے بعد سب سے پہلی بدعت، پیٹ بھر کر کھانے کی پیدا ہوئی جب لوگوں کے پیٹ بھر جاتے ہیں تو ان کے نفس دنیا کی طرف سرکش ہو جاتے ہیں"۔(اس قول میں بدعتِ مباحہ یعنی جائز بدعت مراد ہے)۔(فیضانِ سنت، ص 657)

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

سوال: کھانے کے اول آخر نمک (یا نمکین) کھانے کا کیا فائدہ ہے؟

جواب) کھانے کے اول آخر نمک (یا نمکین) کھانے سے الحمدللہ عزوجل ستر بیماریاں دور ہو جاتی ہیں۔(فیضانِ سنت، ص659)

سوال: دن میں ایک بار کھانا کس کا طریقہ ہے؟

جواب) حضرت سیدنا سہل بن عبداللہ تستری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے کسی نے استفسار کیا، دن میں ایک بار کھانا کیسا ہے؟ فرمایا، یہ صدیقین (جو اولیائے کرام کی سب سے افضل قسم ہے ان) کا کھانا ہے۔(فیضانِ سنت، ص661)

سوال: دن میں دو بار کھانا کس کا طریقہ ہے؟

جواب) عرض کیا، دن میں دو بار کھانا کیسا ہے؟ فرمایا، یہ مؤمنین کا کھانا ہے۔(فیضانِ سنت، ص661)

سوال: حرام لقمے کی نحوست کیا ہے؟

جواب) منقول ہے، "انسان کے پیٹ میں جب حرام کا لُقمہ پڑتا ہے، زمین و آسمان کا ہر فِرِشتہ اُس پر اُس وقت تک لعنت کرتا ہے جب تک کہ وہ حرام لقمہ اُس کے پیٹ میں رہے اور اگر اسی حالت میں مر گیا تو اس کا ٹھکانہ جہنَّم ہو گا۔

سوال: وہ کون سے بزرگ ہیں جنہوں نے یہ وصیت کی تھی کہ میں جب مر جاؤں تو میرے جنازے پر شکر و بادام لٹانا؟

جواب) حضرتِ سیِّدُنا ابو طالِبُ المکّی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

نوٹ: جنازہ پر شکر و بادام لٹائے گئے: بوقتِ وفات کسی نے حضرتِ سیِّدُنا ابو طالِبُ المکّی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی خدمتِ سراپا عظمت میں عرض کیا، حُضُور مجھے کچھ وصیّت فرمایئے، فرمایا، اگر میرا خاتِمہ بالخیر ہو جائے تو میرے جنازہ پر بادام و شکر لٹانا، عرض کیا، مجھے کیسے پتا چلے گا؟ فرمایا، میرے پاس بیٹھے رہو اور اپنا ہاتھ میرے ہاتھ میں دیدو۔ اگر میں نے تمہارا ہاتھ بقوّت دبالیا تو سمجھ لینا میرا خاتِمہ ایمان پر ہوا ہے۔ چُنانچِہ ہاتھ میں ہاتھ دیدیا۔ جب وقت رخصت قریب آیا تو آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اُس کا ہاتھ زور سے دبالیا اور روح قَفَسِ عُنصُری سے پرواز کر گئی۔ جب جنازہ مبارکہ اٹھایا

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

گیاتواُس پر شکر و بادام لٹائے گئے۔ آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا یومِ عُرس جمادِی الآخِرہ ٦ ۳۸ھ ہے۔ بغدادِ مُعلّٰی میں "مقبرہ مالکیّہ" میں آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا مزارِ فائض الانوار زیارت گاہِ خواص وعوام ہے۔

عاشق کا جنازہ ہے ذرا دھوم سے نکلے

محبوب کی گلیوں سے ذرا گھوم کے نکلے

سوال: بسم اللہ کہہ کر وضو کرنے کی کیا فضیلت ہے؟

جواب) جس نے بسم اللہ کہہ کر وضو کیا اس کا سر سے پاؤں تک سارا جسم پاک ہو گیا۔ (نماز کے احکام، ص 5)

سوال: باوضو سونے کی کیا فضیلت ہے؟

جواب) حدیث پاک میں ہے کہ "باوضو سونے والا روزہ رکھ کر عبادت کرنے والے کی طرح ہے۔" (نماز کے احکام، ص 5)

سوال: باوضو مرنے کی کیا فضیلت ہے؟

جواب) نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا: "بیٹا! اگر تم ہمیشہ باوضو رہنے کی استطاعت رکھو تو ایسا ہی کرو کیونکہ ملک الموت جس بندے کی روح حالتِ وضو میں قبض کرتا ہے اس کیلئے شہادت لکھ دی جاتی ہے۔" (نماز کے احکام، ص 5)

سوال: ہمیشہ باوضو رہنے کا کیا حکم ہے؟

جواب) میرے آقا اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن فرماتے ہیں، ہمیشہ باوضو رہنا مستحب ہے۔ (نماز کے احکام، ص 6)

سوال: مصیبت سے حفاظت کا نسخہ کیا ہے؟

جواب) اللہ عزوجل نے حضرت سیدنا موسیٰ کلیم اللہ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام سے فرمایا، "اے موسیٰ! اگر بے وضو

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

ہونے کی صورت میں تجھے کوئی مصیبت پہنچے تو خود اپنے آپ کو ملامت کرنا۔"(نماز کے احکام، ص6)

سوال: ٹیسٹ کیلئے خون نکالنے سے کیا وضو ٹوٹ جائے گا؟

جواب)سرنج کے ذریعے ٹیسٹ کرنے کیلئے خون نکالنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے کیونکہ یہ بہنے کی مقدار میں ہوتا ہے ۔(نماز کے احکام، ص26)

سوال227: دکھتی آنکھ سے جو آنسو نکلے ہیں اس کا کیا حکم ہے؟

جواب)آنکھ کی بیماری کے سبب جو آنسو بہا وہ ناپاک ہے اور وضو بھی توڑ دے گا۔(نماز کے احکام، ص27)

سوال: قے سے کب وضو ٹوٹتا ہے؟

جواب)منہ بھر قے کھانے، پانی یا صفرا (یعنی پیلے رنگ کا کڑوا پانی) کی وضو توڑ دیتی ہے۔(نماز کے احکام، ص29)

سوال: ہنسنے سے وضو کب ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب)رکوع و سجود والی نماز میں بالغ نے قہقہہ لگا دیا یعنی اتنی آواز سے ہنسا کہ آس پاس والوں نے سنا تو وضو بھی گیا اور نماز بھی گئی۔(نماز کے احکام، ص29)

سوال: ہنسنے سے کب وضو نہیں ٹوٹتا؟

جواب)اگر اتنی آواز سے ہنسا کہ صرف خود سنا تو نماز گئی وضو باقی ہے۔(نماز کے احکام، ص29)

سوال: وہ کون سی صورت ہے کہ بالغ نے نماز میں قہقہ لگایا لیکن پھر بھی وضو باقی ہے؟

جواب)بالغ نے نمازِ جنازہ میں قہقہ لگایا تو نماز ٹوٹ گئی وضو باقی ہے۔(نماز کے احکام، ص29)

سوال: نماز کے علاوہ قہقہہ لگانے سے وضو کرنے کا کیا حکم ہے؟

جواب)نماز کے علاوہ قہقہہ لگانے سے وضو نہیں جاتا مگر دوبارہ کر لینا مستحب ہے۔(نماز کے احکام، ص30)

سوال: ہمارے پیارے آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے کتنی بار قہقہہ ثابت ہے؟

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

جواب)ہمارے میٹھے میٹھے آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے کبھی بھی قہقہہ نہیں لگایا۔(نماز کے احکام، ص30)

سوال:التبسم من اللہ تعالیٰ والقہقہۃ من الشیطٰن۔اس کا کیا معنیٰ ہے؟

جواب)، مسکرانا اللہ عزوجل کی طرف سے ہے اور قہقہہ شیطان کی طرف سے ہے۔(نماز کے احکام، ص30)

سوال:وضو میں شک کا کیا حکم ہے؟

جواب)باوضو شخص کو شک آنے لگا کہ پتا نہیں وضو ہے یا نہیں، ایسی صورت میں وہ شخص باوضو ہے کیونکہ صرف شک سے وضو نہیں ٹوٹتا۔

(نماز کے احکام، ص33)

سوال:وسوسے کی صورت میں احتیاطاً وضو کرنا کیسا ہے؟

جواب)وسوسے کی صورت میں احتیاطاً وضو کرنا احتیاط نہیں اتباعِ شیطان ہے۔(نماز کے احکام، ص33)

سوال:وضو کے بعد یاد آیا کہ کوئی عضو دھونے سے رہ گیا ہے مگر یہ یاد نہیں کہ کون سا تو اب کیا کرے؟

جواب)یہ یاد ہے کہ کوئی عضو دھونے سے رہ گیا ہے مگر یہ یاد نہیں کہ کون سا عضو تھا تو بایاں (یعنی الٹا) پاؤں دھولیجئے۔

(نماز کے احکام، ص33)

سوال:اگر جسم سے کتا چھو جائے تو کپڑے کا کیا حکم ہے؟

جواب)کتا جسم سے چھو جانے سے کپڑے ناپاک نہیں ہوتے چاہے کتے کا جسم تر ہو۔(نماز کے احکام، ص33)

سوال:کتے کا لعاب کا کیا حکم ہے؟

جواب)کتے کا لعاب ناپاک ہے۔(نماز کے احکام، ص34)

سوال:بیسن پر کھڑے کھڑے وضو کرنے کا کیا حکم ہے؟

جواب)بیسن پر کھڑے کھڑے وضو کرنا خلافِ مستحب ہے۔(نماز کے احکام، ص38)

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

سوال:ایک ماہرِ نفسیات ڈاکٹر کے مطابق نفسیاتی امراض کا بہترین علاج کیا ہے؟

جواب)ایک مسلمان ماہرِ نفسیات ڈاکٹر کا قول ہے "نفسیاتی امراض کا بہترین علاج وضو ہے۔"(نماز کے احکام ،ص69)

سوال:کس طرح وضو کرنا فالج کے مرض سے بچاؤ ثابت ہو سکتا ہے؟

جواب)وضو میں پہلے ہاتھ دھونے پھر کلی کرنے پھر ناک میں پانی ڈالنے پھر چہرہ اور دیگر اعضاء دھونے کی ترتیب فالج کی روک تھام کیلئے مفید ہے۔

(نماز کے احکام، ص70)

سوال:مسواک کے چند فوائد بتائیں؟

جواب)مسواک سے قوتِ حافظہ بڑھتی، دردِ سر دور ہوتا اور سر کی رگوں کو سکون ملتا ہے،اس سے بلغم دور، نظر تیز ،معدہ درست اور کھانا ہضم ہوتا ہے، عقل بڑھتی، بچوں کی پیدائش میں اضافہ ہوتا، بڑھاپا دیر میں آتا اور پیٹھ مضبوط ہوتی ہے۔(نماز کے احکام، ص72)

سوال:مسواک کی موٹائی اور لمبائی کتنی ہونی چاہیئے؟

جواب)مسواک کی موٹائی چھنگلیاں یعنی چھوٹی انگلی کے برابر ہو اور لمبائی ایک بالشت سے زیادہ نہ ہو۔(نماز کے احکام، ص75)

سوال:وضو کا بچا ہوا پانی پینا کیا ہے؟

جواب)کسی برتن یا لوٹے سے وضو کیا ہو تو اس کا بچا ہوا پانی قبلہ رو کھڑے ہو کر پینا مستحب ہے۔(نماز کے احکام، ص87)

سوال:اس شخص کیلئے کیا ہے کہ جو کسی عورت سے اس کی عزت کی وجہ سے نکاح کرے؟

جواب)حدیث میں ہے کہ:جو کسی عورت سے بوجہ اس کی عزت کے نکاح کرے، اللہ(عزوجل)اس کی ذلت میں زیادتی کرے گا۔(بہار شریعت، ح7، ص6)

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

سوال:اس شخص کیلئے کیا ہے کہ جو کسی عورت سے اس کے مال کی وجہ سے نکاح کرے؟

جواب)حدیث میں ہے کہ:جو کسی عورت سے اس کے مال کے سبب نکاح کرے گا،اللہ تعالیٰ اس کی محتاجی ہی بڑھائے گا۔(بہار شریعت،ح7،ص6)

سوال:بچہ کو کتنے سال تک دودھ پلانے کی اجازت ہے؟

سوال:باپ کی قسم کھانے سے متعلق نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا کیا فرمان ہے؟

جواب)رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں:اللہ تعالیٰ تم کو باپ کی قسم کھانے سے منع کرتا ہے،جو شخص قسم کھائے تو اللہ(عزوجل)کی قسم کھائے یا چپ رہے۔(بہار شریعت،ح9،ص296)

وضاحت:مفتی احمد یار خان نعیمی علیہ الرحمۃ الغنی اس حدیث پاک کے تحت فرماتے ہیں:یعنی غیر خدا کی قسم کھانے سے منع فرمایا گیا۔چونکہ اہل عرب عموماً باپ دادوں کی قسم کھاتے تھے اس لئے اسی کا ذکر ہوا۔(قسم کے بارے میں مدنی پھول،ص27)

سوال:بات بات پر قسم کھانے سے متعلق مفتی امجد علی اعظمی علیہ الرحمۃ اللہ القوی کیا فرماتے ہیں؟

جواب)قسم کھانا جائز ہے مگر جہاں تک ہو کمی بہتر ہے اور بات بات پر قسم کھانی نہ چاہیے اور بعض لوگوں نے قسم کو قصد و بے قصد زبان سے جاری ہوتی ہے اور اس کا بھی خیال نہیں رکھتے کہ بات سچی ہے یا تکیہ کلام بنا رکھا ہے کہ جھوٹی یہ سخت معیوب ہے۔(بہار شریعت،ح9،ص298)

سوال:قسم کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب)قسم کی تین قسمیں ہیں:(1)غموس(2)لغو(3)منعقدہ(بہار شریعت،ح9،ص298)

سوال:یمینِ لغو کسے کہتے ہیں؟

جواب)لغو یہ ہے کہ کسی گزرے ہوئے یا موجودہ امر(یعنی معاملے)پر اپنے خیال میں(یعنی غلط فہمی کی وجہ سے) صحیح

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

جان کر قسم کھائے

اور در حقیقت وہ بات اس کے خلاف (یعنی الٹ) ہو۔(قسم کے بارے میں مدنی پھول، ص 3)

سوال: یمینِ لغو کی مثال بتائیں۔

مثلاً کسی نے قسم کھائی: اللہ عزوجل کی قسم زید گھر پر نہیں ہے اور اس کی معلومات میں یہی تھا کہ زید گھر پر نہیں ہے اور اس نے اپنے گمان میں سچی قسم

کھائی تھی مگر حقیقت میں زید گھر پر تھا تو یہ قسم لغو کہلائے گی۔(قسم کے بارے میں مدنی پھول، ص 3)

سوال: یمینِ لغو کا حکم بتائیں؟

جواب) یمینِ لغو معاف ہے اور اس پر کفارہ نہیں۔(قسم کے بارے میں مدنی پھول، ص 3)

سوال: یمینِ غموس کسے کہتے ہیں؟

جواب) غموس یہ ہے کہ کسی گزرے ہوئے یا موجودہ امر (یعنی معاملے) پر دانستہ (یعنی جان بوجھ کر) جھوٹی قسم کھائے۔(قسم کے بارے میں مدنی پھول، ص 3)

سوال: یمین غموس کی مثال بتائیں۔

جواب) مثلاً کسی نے قسم کھائی: "اللہ عزوجل کی قسم! زید گھر پر ہے" اور وہ جانتا ہے کہ حقیقت میں زید گھر پر نہیں ہے تو یہ قسم غموس کہلائے گی۔

سوال: یمین غموس کا حکم بتائیں؟

جواب) یمینِ غموس کھانے والا سخت گنہگار ہوا، استغفار و توبہ فرض ہے مگر کفارہ لازم نہیں۔(قسم کے بارے میں مدنی پھول، ص 3)

سوال: یمینِ منعقدہ کسے کہتے ہیں؟

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

جواب) یمینِ منعقدہ یہ ہے کہ آئندہ کیلئے قسم کھائی۔(قسم کے بارے میں مدنی پھول، ص 3)

سوال: یمینِ منعقدہ کی مثال بتائیں۔

جواب) مثلاًیوں کہا:"رب عزوجل کی قسم!"میں کل تمہارے گھر ضرور آؤں گا۔ مگر دوسرے دن نہ آیا تو قسم ٹوٹ گئی۔(قسم کے بارے میں مدنی پھول، ص 3)

سوال: یمین منعقدہ کا حکم بتائیں؟

جواب) اسے کفارہ دیناپڑے گااور بعض صورتوں میں گنہگار بھی ہو گا۔(قسم کے بارے میں مدنی پھول، ص 3)

سوال: جھوٹی قسم کھانے سے متعلق نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا کیا فرمان ہے؟

جواب) نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے:"اللہ عزوجل کے ساتھ شرک کرنا، والدین کی نافرمانی کرنا، کسی جان کو قتل کرنااور جھوٹی قسم کھانا کبیرہ گناہ ہیں۔"(قسم کے بارے میں مدنی پھول، ص 4)

سوال: سب سے پہلے جھوٹی قسم کس نے کھائی؟

جواب) پہلا جھوٹی قسم کھانے والا ابلیس ہی ہے۔(قسم کے بارے میں مدنی پھول، ص 6)

سوال: کسی کا حق مارنے کیلئے جھوٹی قسم کھانے والے سے متعلق نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا کیا فرمان ہے؟

جواب) نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا فرمانِ عظیم ہے: جو قسم کھا کر کسی مسلمان کا حق مارلے اللہ عزوجل اس کیلئے جہنم واجب کر دیتا

اور اس پر جنت حرام فرمادیتاہے۔ عرض کی گئی: یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم! اگرچہ وہ تھوڑی سی چیز ہی ہو ؟ارشاد فرمایا:

"اگرچہ پیلو کی شاخ ہی ہو۔"نوٹ: پیلوایک درخت ہے جس کی شاخ اور جڑ سے مسواک بناتے ہیں۔(قسم کے بارے میں مدنی پھول، ص 6)

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

سوال:جو کسی کی بالشت بھر زمین ناحق طور پر لے تو اس بارے یں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا کیا فرمانِ عبرت نشان ہے؟

جواب)نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا فرمانِ عبرت نشان ہے:"جو کسی کی بالشت بھر زمین ناحق طور پر لے گا تو اسے قیامت کے روز سات

زمینوں کا طوق(یعنی ہار)پہنایا جائے گا۔"(قسم کے بارے میں مدنی پھول،ص7)

سوال:غلطی سے قسم کھالی تو کیا اس پر بھی کفارہ ہو گا؟

جواب)غلطی سے قسم کھا بیٹھا مثلاً کہنا چاہتا تھا کہ پانی لاؤ یا پانی پیوں گا اور زبان سے نکل گیا کہ "خدا کی قسم پانی نہیں پیوں گا"تو یہ بھی قسم

ہے اگر توڑے گا کفارہ دینا ہو گا۔(قسم کے بارے میں مدنی پھول،ص20)

کرنے سے کفارہ لازم نہیں۔(قسم کے بارے میں مدنی پھول،ص24)

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

کلام کا نصاب

پُل سے اتارو راہ گزر کو خبر نہ ہو

پُل سے اُتارو راہ گزر کو خبر نہ ہو
جبریل پر بچھائیں تو پر کو خبر نہ ہو

کانٹا مِرے جگر سے غمِ رُوزگار کا
یُوں کھینچ لیجیے کہ جگر کو خبر نہ ہو

فریاد اُمّتی جو کرے حالِ زار میں
ممکن نہیں کہ خیرِ بشر کو خبر نہ ہو

کہتی تھی یہ بُراق سے اُس کی سبک رَوی
یُوں جایئے کہ گردِ سفر کو خبر نہ ہو

فرماتے ہیں یہ دونوں ہیں سردارِ دو جہاں
اے مُرتضٰی! عتیق و عمر کو خبر نہ ہو

ایسا گُما دے اُن کی وِلا میں خدا ہمیں
ڈھونڈھا کرے پر اپنی خبر کو خبر نہ ہو

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

آ دِل! حرم کو روکنے والوں سے چُھپ کے آج
یُوں اُٹھ چلیں کہ پہلو و بر کو خبر نہ ہو

طیرِ حَرم ہیں یہ کہیں رشتہ بپا نہ ہوں
یُوں دیکھیے کہ تارِ نظر کو خبر نہ ہو

اے خارِ طیبہ! دیکھ کہ دامن نہ بھیگ جائے
یُوں دِل میں آ کہ دِیدۂ تر کو خبر نہ ہو

اے شوقِ دل! یہ سجدہ گر اُن کو روا نہیں
اچھا! وہ سجدہ کیجے کہ سر کو خبر نہ ہو

اُن کے سِوا رضؔا کوئی حامی نہیں جہاں
گُزرا کرے پِسَر پہ پِدَر کو خبر نہ ہو

❁❁❁❁❁

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

یاالٰہی ہر جگہ تیری عطا کا ساتھ ہو

یاالٰہی ہر جگہ تیری عطا کا ساتھ ہو
جب پڑے مشکل شہِ مشکل کشا کا ساتھ ہو

یاالٰہی بُھول جاؤں نزع کی تکلیف کو
شادیِ دِیدار حُسنِ مصطفٰے کا ساتھ ہو

یاالٰہی گورِ تیرہ کی جب آئے سخت رات
اُن کے پیارے منھ کی صبحِ جانفزا کا ساتھ ہو

یاالٰہی جب پڑے محشر میں شورِ دارو گیر
اَمن دینے والے پیارے پیشوا کا ساتھ ہو

یاالٰہی جب زبانیں باہَر آئیں پیاس سے
صاحبِ کوثر شہِ جُود و عطا کا ساتھ ہو

یاالٰہی سرد مُہری پر ہو جب خورشیدِ حشر
سیّدِ بے سایہ کے ظِلِ لوا کا ساتھ ہو

یاالٰہی گرمیِ محشر سے جب بھڑکیں بدن
دامنِ محبوب کی ٹھنڈی ہوا کا ساتھ ہو

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

یاالٰہی نامۂ اعمال جب کُھلنے لگیں
عیب پوشِ خلق ستارِ خطا کا ساتھ ہو

یاالٰہی جب بہیں آنکھیں حسابِ جُرم میں
اُن تبسّم ریز ہونٹوں کی دُعا کا ساتھ ہو

یاالٰہی جب حسابِ خندۂ بیجا رُلائے
چشمِ گریانِ شفیعِ مُرتجٰے کا ساتھ ہو

یاالٰہی رنگ لائیں جب مِری بے باکیاں
اُن کی نیچی نیچی نظروں کی حیا کا ساتھ ہو

یاالٰہی جب چلوں تاریک راہِ پُل صِراط
آفتابِ ہاشمی نُور الہُدیٰ کا ساتھ ہو

یاالٰہی جب سرِ شمشیر پر چلنا پڑے
رَبِّ سَلِّمْ کہنے والے غمزدا کا ساتھ ہو

یاالٰہی جو دُعائے نیک میں تجھ سے کروں
قُدسیوں کے لب سے آمیں رَبَّنَا کا ساتھ ہو

یا الٰہی جب رضؔا خوابِ گِراں سے سر اُٹھائے
دولتِ بیدارِ عشقِ مصطفٰے کا ساتھ ہو

❁❁❁❁❁

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

کیا ہی ذوق افزا شفاعت ہے تمہاری واہ واہ

کیا ہی ذوق افزا شفاعت ہے تمہاری واہ واہ
قرض لیتی ہے گنہ پرہیز گاری واہ واہ

خامۂ قدرت کا حُسنِ دست کاری واہ واہ
کیا ہی تصویر اپنے پیارے کی سنواری واہ واہ

اشک شب بھر انتظارِ عفوِ اُمّت میں بہیں
میں فِدا چاند اور یُوں اختر شماری واہ واہ

اُنگلیاں ہیں فیض پر ٹُوٹے ہیں پیاسے جھوم کر
ندیاں پنجابِ رحمت کی ہیں جاری واہ واہ

نُور کی خیرات لینے دوڑتے ہیں مہر و ماہ
اُٹھتی ہے کس شان سے گردِ سواری واہ واہ

نیم جلوے کی نہ تاب آئے قمر ساں تو سہی
مہر اور ان تلووں کی آئینہ داری واہ واہ

نفس یہ کیا ظلم ہے جب دیکھو تازہ جرم ہے
ناتواں کے سر پر اِتنا بوجھ بھاری واہ واہ

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

مجرموں کو ڈھونڈتی پھرتی ہے رَحمت کی نِگاہ
طالِعِ برگشتہ تیری سازگاری واہ واہ

عرض بیگی ہے شفاعت عَفو کی سرکار میں
چھنٹ رہی ہے مجرموں کی فردِ ساری واہ واہ

کیا مَدینہ سے صبا آئی کہ پھولوں میں ہے آج
کچھ نئی بُو بھینی بھینی پیاری پیاری واہ واہ

خود رہے پردے میں اور آئینہ عکسِ خاص کا
بھیج کر اَنجانوں سے کی راہ داری واہ واہ

اِس طرف رَوضہ کا نور اُس سَمت منبر کی بہار
بیچ میں جنت کی پیاری پیاری کیاری واہ واہ

صدقے اس اِنعام کے قربان اس اِکرام کے
ہو رہی ہے دونوں عالَم میں تمہاری "واہ واہ"

پارۂ دل بھی نہ نِکلا دِل سے تحفے میں رضاؔ
اُن سگانِ کو سے اتنی جان پیاری واہ واہ

❁❁❁❁❁

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

پیشِ حق مُژدہ شفاعت کا سُناتے جائیں گے

پیشِ حق مژدہ شفاعت کا سُناتے جائیں گے
آپ روتے جائیں گے ہم کو ہنساتے جائیں گے

دل نکل جانے کی جا ہے آہ کن آنکھوں سے وہ
ہم سے پیاسوں کے لیے دریا بہاتے جائیں گے

کُشتگانِ گرمیِ محشر کو وہ جانِ مسیح
آج دامن کی ہوا دے کر جلاتے جائیں گے

گل کِھلے گا آج یہ اُن کی نسیمِ فیض سے
خون روتے آئیں گے ہم مسکراتے جائیں گے

ہاں چلو حسرت زدو سُنتے ہیں وہ دن آج ہے
تھی خبر جس کی کہ وہ جلوہ دِکھاتے جائیں گے

آج عیدِ عاشِقاں ہے گر خدا چاہے کہ وہ
ابروئے پیوستہ کا عالَم دِکھاتے جائیں گے

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

کچھ خبر بھی ہے فقیرو آج وہ دن ہے کہ وہ
نعمتِ خلد اپنے صَدقے میں لُٹاتے جائیں گے

خاک اُفتادو بس اُن کے آنے ہی کی دیر ہے
خود وہ گر کر سجدہ میں تم کو اُٹھاتے جائیں گے

وُسعتیں دی ہیں خدا نے دامنِ محبوب کو
جرم کھلتے جائیں گے اور وہ چھپاتے جائیں گے

لو وہ آئے مسکراتے ہم اسیروں کی طرف
خرمنِ عِصیاں پر اب بجلی گراتے جائیں گے

آنکھ کھولو غمزدو دیکھو وہ گریاں آئے ہیں
لوحِ دل سے نقشِ غم کو اب مِٹاتے جائیں گے

سوختہ جانوں پہ وہ پُر جوش رحمت آئے ہیں
آبِ کوثر سے لگی دِل کی بجھاتے جائیں گے

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

آفتاب اُن کا ہی چمکے گا جب اَوروں کے چراغ
صرصرِ جوشِ بلا سے جھلملاتے جائیں گے

پائے کُوباں پُل سے گزریں گے تری آواز پر
رَبِّ سَلِّمْ کی صَدا پر وَجد لاتے جائیں گے

سرورِ دِیں لیجے اپنے ناتوانوں کی خبر
نفس وشیطاں سیّدا کب تک دَباتے جائیں گے

حشر تک ڈالیں گے ہم پَیدائشِ مولیٰ کی دُھوم
مِثلِ فارِس نجد کے قلعے گراتے جائیں گے

خاک ہو جائیں عدو جل کر مگر ہم تو رؔضا
دَم میں جب تک دَم ہے ذِکر اُن کا سُناتے جائیں گے

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

کاش! دشتِ طیبہ میں میں بھٹک کے مر جاتا

کاش! دشتِ طیبہ میں، میں بھٹک کے مرجاتا
پھر بقیعِ غرقد میں دفن کوئی کر جاتا

کاش! جانبِ طیبہ آہ! یوں اگر جاتا
چاک چاک میں لیکر سینہ و جگر جاتا

کاش! گنبدِ خضرا پر نگاہ پڑتے ہی
کھا کے غش میں گر جاتا پھر تڑپ کے مرجاتا

زاہدینِ دُنیا بھی رشک کرتے عاصی پر
مصطفٰے کے قدموں میں دفن ہو اگر جاتا

یانبیِّ رحمت یہ میرے دل کی حسرت ہے
خاک بن کے طیبہ کی کاش! میں بکھر جاتا

کاش! ایسا مل جاتا عشق نام سنتے ہی
آنکھ بھی اُمنڈ آتی دل بھی غم سے بھر جاتا

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

دل سے الفتِ دنیا بِالیقیں نکل جاتی
خار ان کے صَحرا کا دل میں گر اُتر جاتا

جذبۂ غزالی دو وَلوَلہ بِلالی دو
کاش مُرشِدی جیسا مل تپاں جگر جاتا

زائرِ مدینہ تُو چل رہا ہے ہنس ہنس کر
کاش! لے کے مُضطَر قلب اور چشمِ تر جاتا

بے دھڑک مدینے میں داخِلہ ہوا تیرا
کاش! پاؤں کے بدلے سر کے بل اگر جاتا

روتے روتے مر جاتا وقتِ رُخصتِ طیبہ
کاش! میں مدینے سے لوٹ کر نہ گھر جاتا

کاش! فُرقتِ طیبہ سے میں رہتا رنجیدہ
ہر خوشی کا لمحہ بھی روتے ہی گزر جاتا

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

کام میرا بن جاتا جو تری نظر ہوتی
میرا ڈوبا بیڑا بھی یانبی اُبھر جاتا

لازِمی ہے ہر صورت چھوڑنا گناہوں کا
بھائی موت سے پہلے کاش! تُو سدھر جاتا

غیر کے تُو فیشن کو چھوڑ دے مِرے بھائی
اُن کی سُنّتیں اپنا کیوں ہے دربدر جاتا

بے عدد غلام آقا خُلد جا رہے ہیں کاش!
میں بھی ساتھ ان کے یا شاہِ بحر و بر جاتا

یاخدا! مبلِّغ میں سُنّتوں کا ہوتا کاش!
تیرے دین کی خدمت کچھ جہاں میں کر جاتا

اُن کا آگیا عطّار اُن کا آگیا عطّار
شور تھا یہ ہر جانب حَشْر میں جدھر جاتا

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

جو مدینے کے تصوّر میں جِیا کرتے ھیں

جو مدینے کے تصوّر میں جِیا کرتے ہیں
ہر جگہ لطف مدینے کا لیا کرتے ہیں

عشقِ سَروَر میں جو ہستی کو فنا کرتے ہیں
بھید الفت کے فَقَط اُن پہ کُھلا کرتے ہیں

مال و دولت کی دعا ہم نہ خدا کرتے ہیں
ہم تو مرنے کی مدینے میں دعا کرتے ہیں

آگ دوزخ کی جلا ہی نہیں سکتی ان کو
عشق کی آگ میں دل جن کے جَلا کرتے ہیں

دُرِّ نایاب بلاشک ہیں وہ ہیرے انمول
اشک آقا کی جو یادوں میں بہا کرتے ہیں

درد و آلام میں تسکین انہیں ملتی ہے
نام انکا جو مصیبت میں لیا کرتے ہیں

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

تُو سلام اُن سے درِ پاک پہ جاکر کہنا
التجا تجھ سے ہم اے بادِ صبا کرتے ہیں

کیوں پھِریں شوق میں ہم مال کے مارے مارے
ہم تو سرکار کے ٹکڑوں پہ پلا کرتے ہیں

سنّتوں کی وہ بنے رہتے ہیں ہر دم تصویر
جام جو ان کی محبّت کا پیا کرتے ہیں

سنّتوں کے اے مبلّغ! ہو مبارَک تجھ کو
تجھ سے سرکار بڑا پیار کیا کرتے ہیں

آپ کی گلیوں کے کتّوں پہ تصدُّق جاؤں
کہ مدینے کے وہ کوچوں میں پھِرا کرتے ہیں

سُن لو! نقصان ہی ہوتا ہے بالآخر ان کو
نفس کے واسطے غصّہ جو کیا کرتے ہیں

بالیقیں ایسے مسلمان ہیں بے حد نادان
جو کہ رنگینیِ دنیا پہ مرا کرتے ہیں

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

چاند سورج کا مُقدّر بھی تو دیکھو اکثر
گُنْبدِ خَضْرا کے نظّارے کیا کرتے ہیں

جِھلِملاتے ہوئے تاروں کی بھی قسمت ہے خوب
گُنْبدِ خَضْرا کے نظّارے کیا کرتے ہیں

مسجِدِ نَبوی کے پُر نور مَنارے ہر دم
گُنْبدِ خَضْرا کے نظّارے کیا کرتے ہیں

جھوم کر آتے ہیں بارِش لئے بادَل جب بھی
گُنْبدِ خَضْرا کے نظّارے کیا کرتے ہیں

بامقدّر ہیں مدینے کے کبوتر بے شک
گُنْبدِ خَضْرا کے نظّارے کیا کرتے ہیں

رشک عطّار کو ان ذرّوں پر آتا ہے جو
ان کے نَعْلَین کے تلووں سے لگا کرتے ہیں

قابلِ رشک ہیں عطّار وہ قسمت والے
دَفْن جو بیٹھے مدینے میں ہُوا کرتے ہیں

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

پھر گُنۢبدِ خَضْرا کی فَضاؤ ں میں بُلالو

پھر گُنۢبدِ خَضْرا کی فضاؤں میں بُلالو
سرکار بُلا کر مجھے قدموں سے لگالو

قدموں سے لگا کر مجھے دیوانہ بنالو
دنیا کی مَحَبَّت کو مِرے دل سے نکالو

گو خوار و گنہگار ہوں جیسا ہوں تمھارا
سرکار! سنبھالو مجھے سرکار سنبھالو

صَدْقہ مجھے سرکار نواسوں کا عطا ہو
اَغیار کے ٹکڑوں سے شَہَنْشاہ بچالو

یاشاہِ مدینہ مِری اِمداد کو آؤ
آفات و بَلیّات کے پنجوں سے نکالو

طُوفان کی موجوں میں جہاز اپنا گِھرا ہے
سرکار! بچالو اسے سرکار! بچالو

سرکار! مِرے خون کا پیاسا ہوا دشمن
شہزادوں کا صَدْقہ مجھے دشمن سے بچالو

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.

اُوجڑ ہوئی جاتی ہے مِری زِیْسْت کی بستی
ہو جائے گی آباد نَظَر لُطف کی ڈالو

وِیران ہوا جاتا ہے خُوشیوں کا گُلستاں
اِس اُجڑے چمن پر بھی نِگَہِ لُطف کی ڈالو

دم توڑنے والا ہے گناہوں کا مریض اب
اے جانِ مَسیحا! اِسے تم آ کے بچالو

مرنے کا شَرَف اب تو مدینے میں عطا ہو
دردر کی مجھے ٹھوکروں سے شاہ بچالو

مدفن ہو عطا بیٹھے مدینے کی گلی میں
لِلّٰہ پڑوسی مجھے جنّت میں بنا لو

کھینچے لئے جاتے ہیں جہنَّم کو ملائک
اے شافِعِ مَحْشَر پئے شَیْخَین بچالو

فُرقت میں تڑپتے ہیں جو مِسکین بچارے
اَسباب عطا کر کے انہیں در پہ بُلالو

مَحْبُوبِ خدا! سر پہ اَجَل آ کے کھڑی ہے
شیطان سے عطّار کا ایمان بچالو

Please purchase 'e-PDF Converter and Creator' on http://www.e-pdfconverter.com to remove this message.